ایبٹ آباد، راولپنڈی، پشاور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا مقبول روزنامہ

ABC CERTIFIED

تخریب نہیں تعمیر، انتشار نہیں اتحاد

Daily Ittehad

روزنامہ اتحاد کراچی

بانی چیف ایڈیٹر: شریف فاروق (مرحوم)

ایڈیٹر: طاہر فاروق

جلد نمبر 18 | جمعرات 13 ذوالحجہ 1445ھ، 20 جون 2024ء، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر: 175

www.dailyittehad.com.pk

ہری پور، شکر شاہ روڈ پر پولیس اور ڈکیتوں میں فائرنگ کا تبادلہ، 2 ڈکیت ہلاک

ڈکیتوں کی شناخت محمد ابراہیم ولد محمد آصف اور علی ولد ہارون ساکنہ بالاکوٹ حال پنیاں کے ناموں سے ہوئی مبینہ ڈکیت پولیس متعدد وارداتوں میں مطلوب تھے

پولیس ٹیم نے یوٹیلیٹی سٹور فرانچائز پر ڈکیتی کرنے والے ملزمان کی شناخت پا کر روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی، ایک پولیس اہلکار زخمی

ہری پور تھانہ سٹی پولیس کے دوران ہلاک ہونے والے مبینہ ڈکیتوں کی نعشیں اور ایس ایچ او سٹی ہارون خان اور زخمی ہونے والے اہلکار حامد کی فائل فوٹو

ہری پور (ملک محمد اقبال) ہری پور تھانہ سٹی کی حدود جی ٹی روڈ شکر شاہ روڈ پر پولیس اور ڈکیتوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ دو مبینہ ڈکیت ہلاک جبکہ ایک پولیس اہلکار زخمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

کے پی وزیر اعلیٰ پھر دھمکیاں دے رہے، پہلے کوڑا تو اٹھا لیں

یہ عید کے دن بھی نفرت اور انتشار سے باز نہیں آتے، عظمیٰ بخاری

یہ لاہور آ جائیں ہم انہیں بتائیں گے کہ کوڑا کیسے اٹھاتے ہیں

لاہور (آن لائن) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پھر دھمکیاں دے رہے ہیں، تھوڑی محنت کر کے پہلے کوڑا تو اٹھا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

لوڈشیڈنگ ختم کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے اگر نیشنل گرڈ سے بجلی کم کی گئی تو بجلی بند کروں گا، صوبے کے تمام پارلیمنٹیرین واپڈا گرڈ جا کر بجلی بحال کر دیں

لوڈشیڈنگ پر عوام حکومت کا رویہ درست کرینگے

علی امین گنڈاپور

یہ لوگ مینڈیٹ چوری کر کے حکومت میں بیٹھے ہیں، آپ کس طرح بیٹھے ہیں اور کس طرح آپ کو نکالنا ہے مجھے پتہ ہے، لوڈشیڈنگ ختم کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے

وزیر اعظم شہباز شریف کو آخری بار کہتا ہوں ہمیں صوبے کا پیسہ دو، وفاق کے ذمہ ہمارے صوبے کے 16 ارب روپے واجب الادا ہیں، صوبے کا پیسہ نہ دیا تو آئی ایم ایف کو بتا ئینگے

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر وفاقی حکومت پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا ہے کہ واپڈا خیبر پختونخوا کے ساتھ زیادتی کر رہا ہے، کسی نے واپڈا کے کسی اثاثے کو نقصان نہیں پہنچایا۔ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

عیدالاضحیٰ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کا دن ہے، عطاء تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات نشریات، قومی ورثہ و (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

وزیر اعظم کا سیاسی رہنماؤں سے رابطہ، عیدالاضحیٰ کی مبارکباد

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ملکی سیاسی رہنماؤ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور صدر مملکت آصف علی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

وزیر اعظم شہباز شریف نے ماڈل ٹاؤن میں عید کی نماز ادا کی

لاہور (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ماڈل ٹاؤن لاہور میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

صدر آصف علی زرداری نے عید کی نماز نواب شاہ میں ادا کی

نواب شاہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عید کی نماز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

سندھ حکومت کا متوسط طبقے کو سولر سسٹم لگانے کیلئے بلاسود قرض فراہم کرنے کا اعلان

کراچی (اے ایف پی) سندھ حکومت نے متوسط طبقے کے لوگوں کو سولر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز کمپنی ایبٹ آباد (واسا)
عیدالاضحیٰ مبارک
INAUGURATION CEREMONY
EID UL ADHA OPERATIONS

ایبٹ آباد، سابق سپیکر صوبائی اسمبلی مشتاق غنی، ایم این اے علی خان جدون، سی ای او واسا انجینئر ریحان یوسف کا عیدالاضحیٰ صفائی آپریشن شروع کرنے کے موقع پر سٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈپٹی کمشنر ہری پور خان محمد اور ڈی پی او سلیمان ظفر خان پور ڈیم پر سیکیورٹی انتظامات چیک کر رہے ہیں

عید کے 3 دنوں میں عوامی خدمت کا نیا ریکارڈ بنایا، مریم نواز

لاہور شہر کی گلیوں میں صفائی کیساتھ عرق گلاب سے سڑکوں کی دھلائی کی

آلائشیں اٹھا کر پنجاب میں سرکاری مشینری نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا

لاہور (آن لائن) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ عید کے 3 دنوں میں ہر روز عوامی خدمت کا ایک نیا ریکارڈ بنایا، عیدالاضحیٰ پر 72 گھنٹے میں مسلسل صفائی، عرق گلاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

ایبٹ آباد واسا کا عملہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائشیں اٹھا رہے ہیں

خیرات سے سکول، یونیورسٹیز اور ہسپتال تو چل سکتے ہیں مگر ملک نہیں، وزیر خزانہ

ملک صرف ٹیکس سے چل سکتا ہے، ملکی ترقی کیلئے سب کچھ پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کرنا ہوگا، وزیر خزانہ

ٹیکس چھوٹ کو بتدریج مل کر کم کرنا ہے، ٹیکس نیٹ کو بڑھا رہے ہیں، وفاقی وزیر خزانہ کی پریس کانفرنس

کمالیہ (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ خیرات سے سکول، یونیورسٹیز اور ہسپتال تو چل سکتے ہیں مگر ملک نہیں، ملکی ترقی کیلئے سب کچھ پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کرنا ہوگا، ملک صرف ٹیکس سے چل سکتا ہے، ٹیکس چھوٹ کو بتدریج کم کرنا ہے، ٹیکس نیٹ کو بڑھا رہے ہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

شہباز شریف کا دورہ چین ایک سنگ میل اور کامیاب ہے، ترجمان چینی وزارت خارجہ

چین نے پاکستان سے تعلقات اور وزیر اعظم شہباز شریف کے دورے پر پروپیگنڈے کو مسترد کر دیا

وزیر اعظم شہباز شریف کے اس دورے نے بہت سی راہیں پیدا کی ہیں جس سے لوگوں کو فائدہ ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان چینی وزارت خارجہ نے کہا کہ پاک چین تعلقات کے بارے میں غلط پروپیگنڈا کیا گیا، وزیر اعظم شہباز شریف کا دورہ چین ایک سنگ میل اور کامیاب ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ترجمان چینی وزارت خارجہ نے سوشل میڈیا پر منفی پراپیگنڈے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کا دورہ چین ایک سنگ میل اور کامیاب ہے جو دونوں ممالک میں خوشحالی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

اسد قیصر کا مولانا فضل الرحمان کو فون، عید کی مبارکباد دی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

ادارے قبائلی علاقوں میں اپنی رٹ کھو چکے ہیں، فضل الرحمن

علما کی ٹارگٹ کلنگ نے قوم کے اندر عدم تحفظ کا احساس پیدا کیا ہے،

اسلام آباد (اے ایف پی) جمعیت علمائے اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ریاستی ادارے قبائلی علاقوں میں اپنی رٹ کھو چکے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

نائب وزیر اعظم کا جاگراں 2 ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کا دورہ

ضلع نیلم میں زیر تعمیر 50 میگاواٹ کے پاور پلانٹ کی تعمیر پر بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا جاگراں 2 ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کا دورہ۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کو آزاد جموں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

عید کے بعد حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا معاملہ، مولانا سرگرم

جمعیت علمائے اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس طلب کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) عید کے بعد حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا معاملہ، مولانا فضل الرحمان ایک بار پھر سرگرم ہو گئے، جمعیت علمائے اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس شوریٰ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد میں زیرو ویسٹ آپریشن کیلئے سی ڈی اے متحرک

اسلام آباد (آن لائن) عیدالاضحیٰ کا آخری روز اسلام آباد میں زیرو ویسٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

ایبٹ آباد واسا کے عیدالاضحیٰ آپریشنز کا افتتاح، دعائیہ تقریب کا اہتمام

مشتاق غنی، ایم این اے علی خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر ریحان یوسف اور واسا سٹاف کی شرکت

شہری واسا عملے کیساتھ تعاون کریں اور شہر کو صاف ستھرا بنائیں، تمام سٹاف کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) واسا کے عیدالاضحیٰ آپریشنز کا افتتاح، دعائیہ تقریب کا اہتمام سابق سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی و ممبر صوبائی اسمبلی مشتاق احمد غنی، ممبر قومی اسمبلی علی خان جدون چیف ایگزیکٹو آفیسر واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز کمپنی ایبٹ آباد انجینئر ریحان یوسف اور واسا سٹاف کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق واٹر اینڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی، فرزندان اسلام آباد عید کی نماز ادا کر رہے ہیں

واسا ایبٹ آباد نے عیدالاضحیٰ پر 600 ٹن آلائشیں اٹھائیں

منصوبہ بندی اور بہترین حکمت عملی سے شہر کو کم ترین وقت میں صاف کیا

شہریوں کے تعاون پر شکر گزار ہیں سی ای او انجینئر ریحان یوسف

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) واسا ایبٹ آباد نے عیدالاضحیٰ صفائی آپریشن کے دوران 600 ٹن آلائشیں اور کرا ٹھکانے لگایا منظم منصوبہ بندی اور بہترین حکمت عملی کے ذریعے شہر کو کم ترین وقت میں صاف کیا شہریوں اور تمام سٹیک ہولڈرز کی جانب سے تعاون پر شکر گزار ہیں چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر ریحان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

لیپ ٹاپ کی بیٹری پھٹنے سے آتشزدگی، بہن بھائی جاں بحق

فیصل آباد (اے ایف پی) فیصل آباد میں گھر میں آگ لگنے کے باعث (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

ہری پور، نامعلوم ڈکیت گن پوائنٹ پر زیورات اور لاکھوں کی نقدی لوٹ کر فرار

چوہدری نذیر کے گھر ڈکیت مکینوں کو یرغمال بنا کر 35 لاکھ مالیت کے زیورات نقدی اور موبائل لے اڑے

متاثرہ شخص نے تھانہ سٹی کو درخواست دیدی پولیس نے تفتیش شروع کر دی، شہری عدم تحفظ کا شکار ہو گئے

ہری پور (چیف رپورٹر) ہری پور تھانہ سٹی کی حدود محلہ بابو میں محکمہ تعلیم کے افسر کے گھر ڈکیتی کی واردات نامعلوم ڈکیت گھر میں گھس گئے اور گن پوائنٹ پر 35 لاکھ مالیت کے زیورات اور لاکھوں کی نقدی اور موبائل فون لوٹ کر فرار ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ہری پور تھانہ سٹی کی حدود محلہ بابو کے رہائشی محکمہ تعلیم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

تربیلا غازی۔ آئے ہوئے مہمانوں کا پریس کلب غازی کے عہدیداران کے ہمراہ فوٹو

ڈپٹی کمشنر ہری پور اور ڈی پی او ہری پور کا خانپور ڈیم کا دورہ

ڈیم پر سیاحوں کو دی جانیوالی سہولیات اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا

ہری پور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ہری پور اور ڈی پی او ہری پور کا خانپور ڈیم کا دورہ۔ ڈپٹی کمشنر ہری پور خان محمد اور ڈی پی او ہری پور سلیمان ظفر (PSP) نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

بڑی مشکل سے خود کو خاموش رکھا ہوا ہے، میری دلیری ختم گئی

بجٹ سے ملک میں مہنگائی کی نئی لہر آئیگی، شیر افضل مروت کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت کا کہنا ہے کہ بڑی مشکل سے خود کو خاموش رکھا ہوا ہے، میری دلیری ختم گئی ہے، بیرون ملک بیٹھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

لنڈی کوتل میں مسلح افراد نے گاڑی سے اتار کر صحافی جبران خلیل کو قتل کر دیا

خلیل جبران گاڑی میں گھر جا رہے تھے کہ ملزمان نے انہیں گاڑی سے اتار کر فائرنگ کی اور فرار ہو گئے

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سردار علی امین گنڈاپور نے صحافی کے قتل کا نوٹس، ملزمان کی فوری گرفتاری کی ہدایت

لنڈی کوتل (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر کے علاقے لنڈی کوتل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے صحافی جبران خلیل جاں بحق ہو گئے۔ ضلعی پولیس آفیسر سلیم عباس نے بتایا کہ تھانہ حدود لنڈی کوتل علاقہ مزرینہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے صحافی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

صحافی خلیل جبران کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

لنڈی کوتل علاقہ سلطان خیل میں صحافی خلیل جبران کی نماز جنازہ ادا کی گئی

نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی، صحافی برادری سمیت اہل علاقہ کی شرکت

پشاور (بیورو رپورٹ) خلیل جبران کے قتل کی آزادانہ تحقیقات کی جائے، علاقے میں امن قائم رکھنا ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے اس طرح کھلے عام عوام کا قتل عام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

لنڈی کوتل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے صحافی جبران خلیل کی فائل فوٹو

واہ کنٹونمنٹ بورڈ کے ورکرز کا بہترین کارکردگی کا مظاہرہ

الائشوں اور گندگی کو بروقت اٹھایا، تعفن پھیلنے سے روکا، انجمن تاجران

واہ کینٹ (شہریار میر) عیدالاضحیٰ کے موقع پر واہ کینٹ کے مختلف علاقوں میں کنٹونمنٹ بورڈ کے ورکرز نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے الائشوں اور گندگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

پنڈ گاکھڑا میں معمولی تو تکرار پر دو گروپوں میں تصادم، 11 افراد شدید زخمی

زخمیوں کو ٹراما سنٹر منتقل کر کے طبی امداد دی گئی پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی

طارق خان اور واجد کے درمیان معمولی تو تکرار پر واجد وغیرہ نے فائرنگ کر کے گیارہ افراد کو زخمی کر دیا

ہری پور (سٹاف رپورٹر) تھانہ خان پور کی حدود پنڈ گاکھڑا میں معمولی تو تکرار پر دو گروپوں میں تصادم فائرنگ کے نتیجے میں 11 افراد شدید زخمی ہو گئے زخمیوں کو ٹراما سنٹر منتقل کر کے طبی امداد دی گئی پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

رجوعیہ پولیس کا ایس ایچ او کی سربراہی میں سرچ آپریشن

متعدد مقامات پر راہ گیروں کی تلاشی کی گئی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کیا گیا

دو پسٹل، رائفل ایک عدد بندوق تین عدد اور کارتوس برآمد کئے گئے

حویلیاں (تحصیل رپورٹر) رجوعیہ پولیس کا سرچ آپریشن ایس ایچ او اعجاز خان کی سربراہی میں متعدد مقامات پر تلاشی کی گئی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کیا گیا پانچ مقدمات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

تھانہ رجوعیہ کی حدود میں حویلیاں کے نوجوان کا لرزہ خیز قتل

نامعلوم افراد نے عمیر قریشی ولد محمد اختر کو گولیاں مار کر قتل کر دیا

حویلیاں (اتحاد نیوز) تھانہ رجوعیہ کی حدود میں حویلیاں کے نوجوان کا لرزہ خیز قتل نامعلوم افراد نے عمیر قریشی ولد محمد اختر کو گولیاں مار کر قتل کیا مقتول کے بھائی افضال قریشی نے تھانہ رجوعیہ میں ایف۔ آئی۔ آر درج کروائی مقتول کے بھائی نے نامعلوم افراد کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

اسلام آباد: دو لڑکیاں عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے بعد گلے مل رہی ہیں

کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک عیدالاضحیٰ کے موقع پر بچوں میں تحائف تقسیم کر رہے ہیں

سابق امیدوار اسمبلی ملک شاہد نواز کی گورنر پنجاب سے ملاقات

عید کی مبارکباد، قومی و علاقائی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

ٹیکسلا (طاہر فریدون) سابق امیدوار صوبائی اسمبلی ملک شاہد نواز گجر کی گورنر پنجاب سے ملاقات، عید کی مبارکباد، قومی و علاقائی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال، تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے راہنما و (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

1122 کے سابق ڈی جی قتل

راولپنڈی (اے ایف پی) عیدالاضحیٰ کے موقع پر فائرنگ، حادثات اور آتشزدگی کے واقعات میں پنجاب ایمرجنسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

خیبر پختونخوا دہشتگردی کی وجہ سے معاشی ترقی میں پیچھے رہا ہے اور اسکے نوجوان بیروزگار ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں

صوبے میں ساڑھے چار سو ارب کی سرمایہ کاری سے 500 کارخانے لگ چکے ہیں، جاوید خٹک

ساڑھے تین سو مزید کارخانہ زیر تعمیر ہیں درابن اکنامک زون، بونیر ماربل سٹی اور کرک سالٹ اینڈ جپسم سٹی پر کام رواں سال شروع کیا جائیگا



خواتین اور خواجہ سراؤں کیلئے انکلیوسیو اکنامک پارک بھی بنایا جائے گا، جس سے وہ ملکی معیشت میں حصہ دار ہونگی

الزام تراشیوں کے پیچھے مخصوص گروپ کا ہاتھ ہے جو صوبے میں جاری صنعتی ترقی کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے

صوبے میں بننے والے اکنامک زونز اور صنعتی ترقی امید کی ایک کرن ہے جو لاکھوں افراد کو روزگار فراہم کرینگے

خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ کمپنی کے سی ای او کا روزنامہ ”اتحاد“ اور اتحاد ڈیجیٹل نیٹ ورک کو خصوصی انٹرویو

پشاور (سیف الاسلام سیفی) خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (کے پی ایزمک) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید خٹک نے کہا ہے کہ صنعتی ترقی کے لئے کیے گئے اقدامات کے نتیجے میں صوبے میں ساڑھے چار سو ارب روپے کی سرمایہ کاری سے 500 کے قریب صنعتی یونٹس یعنی کارخانہ لگ چکے ہیں جن میں ہزاروں افراد کو روزگار حاصل ہوا ہے ساڑھے تین سو مزید کارخانہ زیر تعمیر ہیں درابن اکنامک زون، بونیر ماربل سٹی اور کرک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

رواں سال حج کے دوران کم از کم 550 عازمین جاں بحق

جدہ (آن لائن) مکہ مکرمہ میں رواں سال حج کے دوران کم از کم 550 عازمین گرمی کی شدت کی وجہ سے جاں بحق ہو گئے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

راولپنڈی بنچ کے جج کے خلاف سوشل میڈیا مہم کا سخت نوٹس

راولپنڈی (آن لائن) لاہور ہائی کورٹ کی مجاز اتھارٹی نے راولپنڈی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

ساہیوال ہسپتال آتشزدگی کیس، ایم ایس کو ہٹا دیا گیا

ساہیوال (آن لائن) ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں آتشزدگی کیس میں غفلت برتنے پر ایم ایس کو عہدے سے ہٹا دیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

چین ملائیشیا تعلقات نے خطے میں امن مثال قائم کی ہے، چینی وزیر اعظم

چین، ملائیشیا سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ کیساتھ چین ملائیشیا دوستی کا سال بھی ہے

چین اور ملائیشیا ہمیشہ مخلصانہ دوستی، باہمی مفید تعاون اور باہمی سیکھنے کے لئے پرعزم رہے ہیں

کوالالمپور (شِنہوا) چینی وزیر اعظم لی چھیانگ نے کہا کہ چین۔ ملائیشیا تعلقات علاقائی ممالک کے درمیان تعلقات میں سب سے آگے ہیں اور انہوں نے باہمی تعلقات میں ایک معیار و مثال قائم کی ہے۔ چینی وزیر اعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

یورپی یونین سے چین کیساتھ ایک سمت میں کام کرنے کی توقع ہے، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (شِنہوا) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیان نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

چینی وزیر اعظم لی چھیانگ کا ملائیشیا کے کوالالمپور بین الاقوامی ہوائی اڈے پر استقبال کیا جا رہا ہے (شِنہوا)